نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: مارک اسٹرو
ترجمان
فون: ۰۳۰۸۵۵۵۰۵۹

۱۳ اپریل ۲۰۱۲ء
برائے فوری اجراء
۲۰۱۲/۵۶

یو ایس ایڈ کے منتظم راجیو شا اور وزیر خزانہ حفیظ شیخ کا ترقی و خوشحالی کیلئے مل جل کر کام کرنے کا عزم

اسلام آباد (۱۳ اپریل ۲۰۱۲ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی کے منتظم ڈاکٹر راجیو شا نے آج وزارت خزانہ میں وزیر خزانہ حفیظ شیخ سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات میں اقتصادی امداد کے کردار کی اہمیت اور یہ کہ امریکی شہری امداد کس طرح روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور زیادہ سے زیادہ پاکستانیوں کی آمدن میں اضافہ کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے، کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔

امریکہ ۲۰۰۹ء سے اب تک پاکستان کو دو ارب ساٹھ کروڑ ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کر چکا ہے۔ اس میں سے بیشتر امداد پاکستان میں توانائی کے شعبہ کی ترقی اور پاکستانیوں کیلئے زیادہ اقتصادی مواقع فراہم کرنے کیلئے دی گئی ہے۔ توانائی کے شعبہ میں امریکہ نے حکومت پاکستان کو تربیلا ڈیم اور بجلی کے دیگر بڑے منصوبوں کیلئے فنڈز فراہم کئے ہیں جس سے پاکستان کی بجلی کی پیداواری صلاحیت میں ۴۰۰ میگاواٹ کا اضافہ ہوا ہے جس سے ساٹھ لاکھ سے زیادہ پاکستانیوں کو بجلی میسر آئے گی۔ ۲۰۱۳ء کے اختتام تک امریکی امداد سے پاکستان کی بجلی میں مزید ۹۰۰ میگاواٹ کا اضافہ ہو جائے گا جس سے ایک کروڑ چالیس لاکھ سے زیادہ پاکستانیوں کو بجلی مہیا کی جا سکے گی۔ معاشی ترقی کے حوالہ سے امریکہ نے لگ بھگ ۷۰،۰۰۰ خاتون تاجروں کو مالیات کی بنیادی تربیت فراہم کی۔

ڈاکٹر راجیو شا نے زور دے کر یہ بات کہی کہ وسیع تر دوطرفہ تعلقات کو درپیش چیلنجوں کے باوجود سویلین امداد بدستور جاری رہی اور یو ایس ایڈ مستقبل میں مشترکہ مقاصد کیلئے مل کر کام جاری رکھنے کا خواہاں ہے۔

###